سوال

کسی اونچی جگہ سے قرآن مجید کے گرنے کے بعد اسے چومنے کا حکم کیا ہے ؟

جواب

الحمد للہ

مصحف چومنے کی مشروعیت میں کسی دلیل کا ہمیں تو علم نہیں ، لیکن انسان اگر اسے چوم لے تو اس میں کوئی حرج نہیں ، اس لیے کہ عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت بیان کی جاتی ہے کہ وہ مصحف کو چوم کر کہتے یہ میرے رب کی کلام ہے ۔

بہر حال اس میں حرج والی بات تو کوئی معلوم نہیں ہوتی لیکن اسے مشروع نہیں کہا جاسکتا ، اور نہ ہی اس کی مشروعیت پر کوئی دلیل ہی ملتی ہے ، لیکن اگر اسے ھاتھ یا کسی اونچی جگہ سے گرنے کے بعد بطور تعظیم اور احترام چوم بھی لیا جائے تو ان شاء اللہ حرج والی کوئی بات نہیں ۔ .